سوال

(65)امام نے بھول کر چار کی بجائے پانچ رکعت پڑھ لیں۔ الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام نے بھول کر چار کی بجائے پانچ رکعت پڑھ میں اور مقتدیوں نے لقمہ بھی نہ دیا۔ بعد فراغت امام صاحب کو جتلایا گیا کہ آپ نے ایک زائد رکعت پڑھ لی ہے تو آپ نے جواب میں کہا۔ اگر لقمہ دیتے تو میں ایک رکعت اور پڑھ لیتا پھر سجدہ سہو کرلیتا۔ اس طرح سے چار فرض ادا ہو جاتے اور دو رکعت نفل ہو جائیںلیکن اب سجدہ ہی کرنا کافی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ امام مذکور کا ایسا کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں آیا ہے پانچ پڑھنے والا ایک اور ملا لے۔ اس کے دو نفل ہوں گے۔ اگر پانچ پر سجدہ سہو کرے تو دو سجدے ایک رکعت کی طرح پانچویں سے مل کر دو رکعت کا ثواب دلوا دیں گے۔ انشاء اللہ۔

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 3 ص 187

محدث فتویٰ